ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (361)

مورخہ 04.07.24

**بہاول پور ( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 13 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائینز، دھوڑکوٹ، سٹی یزمان اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 130 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ صدر بہاولپور، سمہ سٹہ، دھوڑ کوٹ اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 09 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور اور 04 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لئے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((362

04.07.24

**بہاول پور(                )وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس نے ماہ جون 2024 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا، 179 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 179 منشیات فروش گرفتار کئے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد ہوئی۔**

**بہاولپور سے منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف سے منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 179 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 179 ملزمان کو بند حوالات کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 51 کلو 594 گرام چرس، 50 گرام کرسٹل آئس، 02 من سے زائد بھنگ، 01 کلو 940 گرام افیون، 5532 لیٹر شراب اور 15 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔ اس حوالے سے ڈی پی او اسد سرفراز خان نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔ منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی جانب سے بہاولپور پولیس کی گزشتہ ماہ میں منشیات فروشوں کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کی پراگرس رپورٹ جاری